# ویزاانٹرویو کاطریقہ کار

1. درخواست گذاروں کو چاہیے کہ انٹرویو سے 15 منٹ پہلے امریکی قونصل خانے پہنچ جائیں تا کہ سکیورٹی کے مرحلے سے گذر سکیں۔

2. قونصل خانے کے اندر ضروری دستاویزات کے علاوہ ذاتی اشیالانے کی اجازت نہیں۔ آپ کے بیگ، لیپ ٹاپ، کیمرے اور اس قسم کی دوسری اشیا کو گیٹ پر جمع کرنے کے بعد ایک ٹکٹ دیا جائے گا جس کے ذریعے واپسی پر آپ اپنا سامان وصول کر سکیں گے۔ مریضوں اور بچوں کے ساتھ آنے والے افراد ضرورت کی چیزیں مثلاً دوائیں اور ڈائپر وغیرہ قونصل خانے کے اندر لا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ قونصل خانے کے اندر لائے جانے والے تمام سامان کی تلاشی لی جاتی ہے۔

3. سکیورٹی کے مرحلے سے گذرنے کے بعد آپ برآمدے سے گذر کر انتظار گاہ میں داخل ہوں گے۔

4. انتظار گاہ میں آپ کو ایک ٹکٹ دیا جائے گا جس کا نمبر فنگر پرنٹنگ اور انٹرویو کیلیے پکارا جائے گا۔

5. پاسپورٹ اور درخواست کی جانچ پڑتال کیلیے آپ کو کھڑکی نمبر 7 پر بلایا جاسکتا ہے۔ اس مرحلے سے گذرنے کے بعد اپنی نشست پر جا کر بیٹھ جائیں اور فنگر پرنٹنگ کیلیے ٹکٹ نمبر پکارے جانے کیلیے انتظار کریں۔

6. ٹکٹ نمبر پکارے جانے کے بعد فنگر پرنٹنگ کیلیے قطار میں شامل ہو جائیں۔ قونصل خانے کا عملہ مرد حضرات کا قد ناپے گا اور فنگر پرنٹنگ کے دوران درخواست گذاروں کی مدد کرے گا۔ فنگر پرنٹنگ کیلیے اس ترتیب سے اپنی انگلیاں سبز اسکرین پر رکھیں۔

بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں
دائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں
ایک ساتھ دونوں ہاتھوں کے انگوٹھے

7. فنگر پرنٹنگ کے بعد اپنی نشست پر تشریف رکھیں اور جب ٹکٹ نمبر دوبارہ پکارا جائے تو مذکورہ کھڑکی پر تشریف لے جائیں۔

8. ویزاافسر آپ سے سفر کے مقصد، پاکستان سے تعلق، پیشے، تعلیم، خاندان کے بارے میں معلومات اور اس قسم کے دیگر موضوعات پر سوالات کرے گا۔ آپ تمام سوالات کے جوابات مکمل ایمانداری اور سچائی سے دیجئے۔ ممکن ہے کہ آپ سے مزید دستاویزات طلب کی جائیں لیکن اکثر و بیشتر ویزاافسر کیلیے دستاویزات کا دیکھنا ضروری نہیں۔

9. انٹرویو کے اختتام پر ویزاافسر مندرجہ ذیل تین فیصلوں میں سے کسی ایک پر عمل کرے گا۔

آپ کا ویزا منظور ہو جائے گا - اس صورت میں ویزاافسر آپ کا پاسپورٹ اپنے پاس رکھ لے گا جو ایک ہفتے کے اندر آپ کے درخواست میں درج شدہ پتے پر بھجوا دیا جائے گا۔

آپ کے ویزا پر انتظامی کاروائی ہو گی - اس صورت میں ویزا کی درخواست پر مزید کاروائی کی ضرورت ہو گی۔ ویزاافسر آپ کو پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات واپس کر کے ایک فارم دے گا جس پر انتظامی کاروائی سے متعلق مزید معلومات درج ہوں گی۔

آپ کا ویزا نامنظور ہو جائے گا - اس صورت میں آپ ویزا کیلیے نااہل تصور ہوں گے۔ ویزاافسر آپ کا پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات واپس کر کے اپنے فیصلے کی زبانی وضاحت کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو امریکی ویزا قوانین کے بارے میں ایک فارم بھی دیا جائے گا۔

10. اب آپ قونصل خانے سے تشریف لے جاسکتے ہیں۔ باہر جاتے ہوئے اپنی ذاتی اشیا واپس لینا نا بھولیں۔

1

PLACE FOUR FINGERS OF YOUR LEFT HAND AS SHOWN

اپنے بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں

اس طرح رکھیے

2

PLACE FOUR FINGERS OF YOUR RIGHT HAND AS SHOWN

اپنے دائیں ہاتھ کی چاروں

انگلیاں اس طرح رکھیے

3

PLACE BOTH OF YOUR THUMBS AS SHOWN

اپنے دونوں انگوٹھے اس

طرح رکھیے